Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

بیسٹ سٹارٹ فوڈز

بیسٹ سٹارٹ فوڈز کیا ہے؟

بیسٹ سٹارٹ فوڈز وہ رقم ہے جو ہر چار ہفتے بعد ان خاندانوں کی مدد کے لیے دی جاتی ہے جن میں چھوٹے بچے یا شیر خوار بچے ہیں انکو صحت مند کھانے کی قیمت کے ساتھ مدد کی جاتی ہے۔

یہ کس کو ملتا ہے؟

بیسٹ اسٹارٹ فوڈز اسکاٹ لینڈ میں رہنے والے والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں اور ان کے پارٹنرز کے لیے ہے۔ یہ حمل کے دوران اور جب تک کہ بچہ 3 سال کا نہیں ہو جاتا درج ذیل معیار کے تحت ادا کی جاتی ہے:

اگر آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے اور آپ یا آپ کے پارٹنر کو ان میں سے کوئی ایک بینیفٹ یعنی مالی مدد ملتی ہے:

- یونیورسل کریڈٹ
- چائلڈ ٹیکس کریڈٹ
- ورکنگ ٹیکس کریڈٹ
- ہاوسنگ بینیفٹ
- انکم سپورٹ
- پینشن کریڈٹ
- انکم بیسڈ جاب سیکرز الاؤنس (JSA)
- انکم ریلیٹڈ ایمپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس (ESA)۔

اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے:

آپ کو 18 سال یا اس سے زیادہ عمر والوں کے لیے مطلوبہ بینیفٹس میں سے ایک حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ کی آمدنی سے قطع نظر آپ کا بچہ 3 سال سے کم ہے تو آپ بیسٹ سٹارٹ فوڈز حاصل کر سکتی ہیں۔ اگر آپ کی پارٹنر حاملہ ہے تو بھی آپ درخواست دے سکتے ہیں، چاہے وہ 18 سال یا اس سے زیادہ ہوں۔

اگر آپ 18 یا 19 سال کے ہیں، تو آپ کو درج کردہ بینیفٹس میں سے کسی ایک کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ کے والدین یا نگھداشت کنندہ آپ کے لیے ان بینیفٹس میں سے ایک حاصل کرتے ہیں:

- چائلڈ بینفٹ
- چائلڈ ٹیکس کریڈٹ
- یونیورسل کریڈٹ کا چائلڈ عنصر
- پنشن کریڈٹ کے لیے بچوں کا اضافہ

اگر آپ کسی کی دیکھ بھال کرتے ہیں جو حاملہ ہے اور وہ 18 یا 19 سال کی ہیں، تو آپ بھی اہل ہیں اگر آپ ان کے لیے ذیل میں درج بینیفٹس میں سے کوئی ایک حاصل کرتے ہیں:

- چائلڈ بینفٹ
- چائلڈ ٹیکس کریڈٹ
- یونیورسل کریڈٹ کا چائلڈ عنصر
- پنشن کریڈٹ کے لیے بچوں کا اضافہ

mygov.scot/beststartfoods

فیکٹ شیٹ
(حقائق کا پرچہ)

ہر خاندان میں کتنے بچے ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں؟

حاملہ ہونے پر آپ کو فی حمل ادائیگی کی جاتی ہے، چاہے وہ ایک یا ایک سے زیادہ پیدائش ہو۔ بچوں کی پیدائش کے بعد، یہ فی بچہ ادا کیا جاتا ہے اور اس بات کی کوئی حد نہیں ہے کہ کتنے بچے ادائیگی حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ کیسے ادا کیا جاتا ہے اور مجھے کتنا ملتا ہے؟

ادائیگیوں کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کے حمل کو کتنا عرصہ گزر چکا ہے اور آپ کے بچے کی عمر کتنی ہے۔ اس کی ادائیگی ہر چار ہفتوں میں پری پیڈ چپ اور پن کارڈ پر کی جاتی ہے۔ حمل کے دوران اور 1 سے 3 سال کی عمر کے کسی بھی بچے کے لیے ہر چار ہفتوں میں یہ رقم £19.80 ہے۔ یہ ادائیگی 1 سال سے کم عمر کے کسی بھی بچے کے لیے £39.60 تک بڑھ جاتی ہے۔

میں اپنے کارڈ سے کیا خرید سکتا ہوں؟

کارڈ کا استعمال دودھ اور صحت بخش خوراک بشمول انڈے، پھل، سبزیاں اور دالوں کی خریداری کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ اسے پہلا شیرخوار فارمولا خریدنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

میں کارڈ کہاں استعمال کر سکتا ہوں؟

بیسٹ اسٹارٹ فوڈز کارڈ تمام بڑی سپر مارکیٹوں بشمول Asda، Tesco، Morrison's، Aldi، Lidl، اور Iceland میں قبول کیے جاتے ہیں۔ یہ اسکاٹ لینڈ کے چھوٹے سہولت اسٹورز بشمول Spar، Keystore اور Premier کی شاخوں میں بھی قبول کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے تو اپنے مقامی خوردہ فروش یا دکاندار سے رابطہ کریں۔

میں اپنا بیلنس کیسے چیک کروں؟

آپ www.allpayprepaid.net پر، کیش پوائنٹس پر یا 1687 196 0808 پر allpay کو کال کرکے اپنا بیلنس آن لائن چیک کر سکتے ہیں۔

آپ کیسے درخواست دیتے ہیں؟

آپ mygov.scot پر آن لائن ہماری فری فون ہیلپ لائن کے ذریعے 2222 182 0800 پر یا ڈاک کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ اپنے لیے مناسب وقت اور جگہ پر کلائنٹ ایڈوائزر کے ساتھ ذاتی طور پر ملاقات کا بھی اہتمام کر سکتے ہیں۔

کیا ثبوت درکار ہو گا؟

زیادہ تر لوگ کوئی ثبوت بھیجے بغیر درخواست دے سکیں گے۔ اگر ہمیں HMRC (HM Revenue and Customs) یا ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشن کے ساتھ معلومات کی جانچ پڑتال کرنے کی ضرورت ہے، تو ہم ایسا کرتے ہیں۔

کیا یہ دوسرے بینیفٹس کو متاثر کرتا ہے؟

نہیں، بیسٹ اسٹارٹ فوڈز کو کسی دوسرے بینیفٹ یا ٹیکس کریڈٹ کے جائزوں کے حصے کے طور پر شمار نہیں کیا جاتا ہے۔

COST OF LIVING SUPPORT

بہت سے لوگ زندگی گزارنے کی لاگت (کاسٹ آف لونگ) کے بارے میں فکر مند ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں۔
یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی **gov.scot/costoflivingsupport** پر جائیں۔ یا اپنے مقامی سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں۔

لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 2222 182 0800

ٹیکسٹ ریلے سروس: (جن کیلئے جنہیں سماعت کا مسئلہ ہو) 18001 0300 244 4000+

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں